© rasailojaraid.com



# شادی خانہ آبادی کی پُر رونق تقریب سعید

## ادارہ کی طرف سے مبارکباد

### ندوۃ المصنفین اور رسالہ بُرہان

سری نگر (کشمیر)

جناب محترم حضرت میر واعظ مولوی محمد فاروق صاحب مدظلہ العالی کے برادر نسبتی منظور احمد کی شادی میر واعظ منزل، سری نگر کشمیر میں بڑی دھوم دھام اور کشمیری و اسلامی رسم و رواج کے مطابق انجام پذیر ہوئی۔

اس موقع پر محترم میر واعظ مولوی فاروق صاحب کی طرف سے مورخہ ۸ ستمبر ۱۹۸۵ء بروز اتوار کو بڑا ہی پُر تکلف اور ہمہ اقسام کے کشمیری کھانوں سے مزین عشائیہ دیا گیا جس میں کشمیر اور کشمیر سے باہر کی عظیم و معزز شخصیتوں نے شرکت فرما کر اس تقریب کی رونق میں اضافہ فرمایا۔ دہلی سے حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مرحوم کے صاحبزادہ بلند اقبال اور ادارہ ندوۃ المصنفین کے ڈائرکٹر و انچارج اور بُرہان کے مدیر نائب جناب عمید الرحمٰن صاحب عثمانی نے اپنے سکریٹری فخر الدین صاحب کے ہمراہ خصوصی دعوت نامہ پر اس عقدِ مسنون کی مبارک تقریب میں شرکت فرمائی۔

اس عالی شان محفل عقد مسنون کی تقریب میں شریک تمام مہمانوں کی ہر طرح خاطر و مدارات کے لئے میر واعظ کے سکریٹری اور خصوصی معاون جناب سعید الرحمٰن صاحب کے شب و روز مستعدِ عمل رہے اور مہمانوں کی ہر طرح دل جوئی کے لئے کشمیری مہمان نوازی اور اسلامی آداب و احترام کا قدم قدم پر بے مثالی مظاہرہ کرتے رہے۔

ادارہ بُرہان بارگاہِ عالی میں اس تقریب پر خلوص دل کے ساتھ دُعا گو ہے کہ اللہ ربّ العزت دُولھا دُلہن کو یہ شادی ہر طرح مبارک کرے اور ان کو دین و دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین!

(ادارہ)

© rasailojaraid.com